Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

दारुलकुतुब सुलेमानी रोड़ी, हिसार

سلسلۂ مطبوعات دارالکتب سلیمانی روڑی ضلع حصار

بہت سی اچانک ہو جانیوالی بیماریوں کا علاج محض پیاز سے بتانیوالی

لاجواب کتاب

خواصِ پیاز

مصنفہ و مؤلفہ

خادم خلق اللہ حکیم محمد عبد اللہ مولف خواص لہسن۔ خواص مرچ

خواص کشنیز۔ خواص ہلدی وغیرہ۔ ساکن روڑی ضلع حصار (پنجاب)

ملنے کا پتہ

مینجر دارالکتب سلیمانی قصبہ روڑی ضلع حصار

بار سوم

۸/ تعداد اشاعت ۱۰۰۰

شانتی B.D پریس ہال بازار امرتسر میں باہتمام ...

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

दारुल कुतुब सुलेमानी रोड़ी, हिसार

سلسلۂ مطبوعات دارالکتب سلیمانی روڑی ضلع حصار

بہت سی اچانک ہو جانیوالی بیماریوں کا علاج محض پیاز سے بتانیوالی

لاجواب کتاب

خواصِ پیاز

खवासे प्याज

مصنفہ و مؤلفہ

خادم خلق اللہ حکیم محمد عبد اللہ مؤلف خواص لسن۔ خواص مرچ
خواص کشنیز۔ خواص ہلدی وغیرہ۔ ساکن روڑی ضلع حصار (پنجاب)

ملنے کا پتہ

مینجر دارالکتب سلیمانی قصبہ روڑی ضلع حصار

بار سوم

۸/ تعداد اشاعت ۱۰۰۰

[illegible] پریس ہال بازار امرتسر میں باہتمام [illegible] طبع ہوئی

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰

دیباچہ طبع اول

خدا کے انعامات کا کون شکریہ ادا کر سکتا ہے۔ جبکہ اس کے انعامات کا شمار ہی لاانتہا نا ممکنات میں قرار دیا جا چکا ہے اور تمام نعمتوں سے قطع نظر ایک پیاز کو لے لیجئے جو کہ ہمارے گھروں کے اندر منوں پڑے سڑتے رہتے ہیں۔ اگر اس کے فوائد کو دیکھا جائے تو بس اس کا شکریہ ادا کرنا ہی محال ہے۔ دنیا مقوی باہ نسخہ جات کی متلاشی ہے مگر افسوس ہے کہ ایک سب سے عمدہ مقوی باہ غذا کو گھر میں چھوڑ کر دوسری جگہ تلاش کرتے پھرتے ہیں۔ حالانکہ پیاز وہ لاجواب چیز ہے۔ جس میں قوت باہ انتشار کا فائدہ بدرجہ کمال ہے۔ جو شخص اکثر پیاز کا استعمال کرتے رہتے ہیں۔ ان کو کبھی امراض دنداں وضعف باہ کی شکائیت کا موقعہ نہیں آتا۔ چنانچہ ہم نے ہمارے لائق دوست شفاء الملک حکیم دلبر حسن خان صاحب کے دسترخوان کو تقریباً کبھی بھی اس نعمت خاص سے خالی نہیں دیکھا۔

علاوہ ازیں اور بڑے بڑے حکما بھی اس نعمت کی قدر کرتے ہیں۔ میرے معزز ناظرین اگر آپ نے میرے اس ناچیز رسالہ کی تحقیر نہ کی اور اس کے نسخہ جات کو آزمایا تو یقیناً آپ وہ فوائد حاصل کرینگے۔ جو بڑی بڑی قیمت کی کتب سے بھی حاصل نہ ہوتے ہوں۔ خصوصاً کشتہ جات شنگرف کا بیان تو یقیناً نہایت ہی مفید ثابت ہوگا۔

محمد عبداللہ بقلم خود

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

دیباچہ طبع دوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

وہ کیسا سعید وقت تھا۔ جب مجھے پھٹکری کے خواص لکھنے کا خیال پیدا ہوا اور پھر یہی خیال بڑھتے بڑھتے یہانتک پہنچا کہ ریٹھا اور نمک۔ نیم اور کیکر و پیاز وغیرہ کے علیحدہ علیحدہ رسائل لکھ کر طبع کرا دیئے اور پھر خدا کی عنایت یہ ہوئی کہ ہر ایک رسالہ کو لوگوں نے اپنے سر آنکھوں پر رکھا۔ بلکہ اور چیزوں کے خواص لکھنے پر زور دینا شروع کر دیا۔ چنانچہ اجوائن۔ ہینگ۔ بڑ گد۔ انار بادام۔ گھیکوار۔ بتھوا۔ تلسی۔ انڈا اُپلا وغیرہ پر علیحدہ علیحدہ رسائل لکھدیئے۔ لیکن یہ نا فرو ہونے والا جذبہ اور بھی بھڑک اُٹھا اور پھر یہ خیال پیدا ہوا کہ اب ان چیزوں کے خواص لکھے جائیں۔ جو ہر غریب سے غریب گھروں میں بسیروں پائی جاتی ہیں تاکہ ضرورت کے وقت جہاں یہ رسائل حکیم حاذق کا کام دیں وہیں ادویات کی تلاش کیلئے عطار کی دوکان سے بھی بے نیاز کر دیں۔ پس جونہی ضرورت پڑی فوراً کتاب کا ورق الٹ کر نسخہ دیکھ لیا اور گھر سے ہی دوا کے جز حاصل کر کے نسخہ بنا کر دیا۔ چنانچہ اسی بنا پر ہم نے پھر خواص کشنیز (دھنیا) خواص ہلدی۔ خواص مرچ۔ خواص لہسن۔ خواصِ مولی۔ خواص گاجر، خواص تربوز۔ خواص خربوزہ۔ خواص دودھ، خواص دہی۔ خواص گھی، خواص پانی خواص شہد، خواص مٹی، خواص مہندی۔ خواص آم کے بنانے کا تہیہ کر لیا جو کہ بفضلہ تیار ہو رہے ہیں۔ امید ہے کہ اگر خدا کا فضل شاملِ حال رہا۔ تو اس ششماہی میں یہ مکمل ہو جائینگے۔

اگر ناظرین کرام میری حوصلہ افزائی فرماتے رہے تو انشاء اللہ وہ وہ حیرت آفریں رسائل پیش کر دیگا جو کہ دنیائے طب میں بالکل نئی شئے ثابت ہونگے۔ ان کا مواد قلمی کتب و عربی و مصری کتب طبی رسائل و حکماء نامدار سے حاصل کر کے جمع کیا جا رہا ہے

محمد عبد اللہ عفی عنہ

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ طبع سوم

کتاب ہذا دو مرتبہ طبع ہو کر محض خداوند کریم کے فضل و کرم اور اسی کی ذرہ نوازی سے ہاتھوں ہاتھ نکل چکی ہے اور اب تیسری مرتبہ طبع ہو رہی ہے۔ خیال تھا کہ تازہ اشاعت میں کئی ایک نئے حاصل شدہ نسخہ جات کا اضافہ کر دیا جائے۔ مگر رسالہ کے اچانک ختم ہو جانے نیز مستقبل قریب میں شائع ہونے والی کتاب "ہندوستان کی صنعتی ترکاریاں" کے اوراق کو نئے نسخہ جات سے زینت دینے کی غرض سے فی الحال بلا اضافہ ہی طبع کرایا جا رہا ہے۔

علاوہ ازیں ہندوستان کے اناج و غلے۔ ہندوستان کے پھل و میوے — ہندوستان کے درخت۔ ہندوستان کے حیوانات۔ نامی مفید خلائق کتب بھی بہت جلد طبع کرانے کا ارادہ ہے۔ ان میں ہر کتاب اپنے مجوزہ کار نسخہ جات اور سلیس و دلنشین طرز بیان میں نرالی چیز ہو گی۔ شائقین طب و مطالعہ ابھی سے نام رجسٹر خریداران میں درج کرا کے رعایت کے مستحق ہوں

محمد عبداللہ

نوٹ:- خواصِ پیاز۔ خواصِ آک۔ خواصِ دودھ۔ خواص ریٹھا۔ خواصِ کیکر، خواصِ نمک۔ یہ سب کتابیں بزبانِ ہندی (شاستری) بھی ترجمہ ہو کر شائع ہو چکی ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

پیاز کی ماہیت و نام وغیرہ وغیرہ!

ماہیت - یہ ایک مشہور جڑ ہے - جس سے تقریباً بچہ بچہ واقف ہے - اسکی دو قسمیں ہیں. جنگلی و بستانی - ان دونوں میں بظاہر کوئی زیادہ فرق نہیں معلوم ہوتا - صرف جنگلی کے پتے ذرا چوڑے ہوتے ہیں - نیز مزے میں جنگلی زیادہ کڑوا ہوتا ہے اور بس -

پھر پیاز بستانی بھی دو قسم کا ہوتا ہے - سفید اور سرخ -

طبیعت - میں کافی اختلاف ہے - مگر گرم ہونے میں کسی کو شبہ نہیں -

مضر - اس کا زیادہ استعمال کرنا - معدہ میں اخلاط فاسدہ کی پیدائش کا موجب ہے -

مصلح - سرکہ اور نمک اور پکانا ہی ہے

نام عربی - بصل   طبی - عنصل   ڈاکٹری - سِلا

مشہور نام - پیاز - پنجابی گنڈھا - گٹھا وغیرہ وغیرہ

نوٹ :- پیاز جنگلی میں تقریباً یہی فوائد ہیں - مگر اس میں سمیت ہے - ڈاکٹری میں اس کے متعدد مرکبات برتے جاتے ہیں - مثلاً ٹنکچر سلا - سرپ سلا اکسی مل سلی وغیرہ وغیرہ

مگر ہم نے اس رسالہ کے اندر پیاز بستانی کے ہی فوائد بیان کئے ہیں - تاکہ یہ رسالہ ہر جگہ فائدہ پہنچا سکے - اگر مناسب سمجھا تو آئندہ ایڈیشن میں ضمناً جنگلی پیاز کے فوائد بھی بیان کر دیئے جائیں گے -

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

سر کی بیماریاں

۱ سر درد ھو الشافی:- پیاز کو خوب باریک پیس کر گھوٹیں اور اچھی طرح باریک ہو جانے پر پاؤں کے تلوؤں پر لیپ کر دیں۔ اس سے اکثر قسم کا سر درد رفع دفع ہو جاتا ہے۔

۲ بیہوشی مرقومہ بالا طریقہ سے بسا اوقات بیہوش مریض کو بھی آرام آ جاتا ہے۔

۳ دیگر ھو الشافی:- پیاز کوٹ کر پانی نکالیں اور اس پانی سے چند قطرے بار بار ناک کے نتھنوں پر لگاتے رہیں۔ اس سے بھی بیہوش مریض کو ہوش آ جاتا ہے۔

۴ بال جھڑ اگر کسی شخص کے سر یا کسی اور مقام سے بال اڑنے شروع ہو جائیں تو اس کے لئے پیاز کو شہد خالص میں خوب باریک پیس کر رکھیں اور بوقتِ ضرورت پہلے اس مقام کو جہاں بال اگانے مقصود ہیں۔ کسی کپڑے وغیرہ سے اس قدر رگڑیں کہ وہ جگہ سرخ ہو جائے۔ پھر پیاز اور شہد کا لیپ کر دیں کئی مرتبہ اس طرح لیپ کرنے سے بال نئے سر سے پیدا ہو جاتے ہیں۔

۵ گنج ھو الشافی:- پیاز کا رس اور شہد ملا کر روزانہ گنج پر لگایا کریں انشاءاللہ بال اگ آئیں گے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

آنکھ و ناک کی بیماریاں

امراضِ چشم میں سے پیاز کئی مرضوں کو مفید ہے۔ بلکہ مشہور ہے۔ کہ پیاز موتیا بند تک کو دور کر دیتا ہے۔ جیسے کہ کہتے ہیں۔ کہ ایک شخص مدت سے اندھا ہو چکا تھا اور ہر طرح کے علاج معالجہ سے مایوس ہو گیا تھا۔ اتفاقاً ایک روز گھر میں آٹھ پانچ سیر پیاز دیئے کہ اس کو بیٹھے بیٹھے چھیلتے رہو اور حیران کو مکروہ کرتے رہو۔ چنانچہ اس نے پیاز چھیلنے شروع کر دیئے۔ چونکہ وہ پیاز بہت تیز قسم کے تھے۔ اس لئے ان کی تیزی اس کی آنکھوں کو پہنچتی رہی اور آنکھوں سے پانی نکلتا رہا۔ اللہ کا فضل ایسا ہوا۔ کہ ابھی پیاز چھیلنے باقی تھے۔ کہ موتیا دور ہو کر اچانک نظر کھل گئی۔

اس سے پتہ چلتا ہے کہ پیاز موتیا بند کے لئے کیسی مؤثر چیز ہے۔ اب ہم ذیل میں اس کے استعمال کی ترکیبیں عرض کرتے ہیں۔

آشوبِ چشم کے — ہو الشافی۔ آب پیاز یعنی پیاز کا پانی اور شہد ہم وزن ملا کر شیشی میں ڈالیں۔ اور اس میں سے ایک ایک یا دو دو سلائی اللہ کا نام لے کر ڈالیں۔ انشا اللہ آرام ہو گا۔

موتیا بند — موتیا بند کی ابتدا میں آب پیاز ایک حصہ شہد ایک حصہ بھیم سینی کافور ¼ حصہ ملا لیں۔ اور بوقت شب دو دو سلائی ڈالا کریں۔ فوائد:۔ اس سے ابتدائی موتیا رک جاتا ہے۔ بلکہ ابتدا ہوا بھی صاف ہو

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

جاتا ہے۔ یہ نسخہ بالکل صحیح ہے۔ ہاں اگر اصلی بھیم سینی کافور نہ بھی مل سکے۔ تو شہد اور پیاز سے کام لیں۔

سُرمہ عجیب ۹

ہوالشافی۔ سرمہ سیاہ ۵ تولہ کو تین دن سالم آبِ پیاز میں کھرل کریں۔ اور خشک ہونے پر شیشی میں احتیاط سے رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ بوقتِ ضرورت دو دو سلائی اللہ کا نام لے کر ڈالا کریں۔

فوائد:۔ آشوب چشم۔ دھند۔ جالا۔ موتیا بند کو مفید ہے۔

زکام ۱۰

اگر زکام کی وجہ سے ناک میں سے پانی بہہ رہا ہو۔ تو اس کے لئے آبِ پیاز سونگھنا مفید ہے۔ علیٰ ہذا اس کو کھلانا بھی مفید ہے۔

نکسیر ۱۱

ہوالشافی۔ پیاز کا پانی بطور نسوار سونگھنے سے نکسیر کا خون بند ہو جاتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

امراض الاسنان والاذن

یعنی

دانتوں اور کان کی بیماریاں!

اگر دانت یا داڑھ میں درد ہو اور وہ کسی طرح رکنے میں نہ آتا ہو۔ تو ذرا اس چٹکلے کو آزما کر دیکھیں۔ گو آسان ہے۔ مگر نہایت ہی اعلیٰ اور مفید ہے۔

ہوالشافی۔ پیاز ۱تولہ۔ کلونجی ۱تولہ۔ دونوں کو کھرل میں ڈال کر خوب گھوٹیں۔ جب خوب باریک ہو جائے۔ اور ٹکیہ باندھنے کے لائق ہو جائے۔ تو چھ چھ ماشہ کی ٹکیاں بنالیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال - ایک ٹکیہ چلم میں بجائے تمباکو کے ڈال کر اوپر آگ کے انگارے رکھ کر بدستور معروف پلادیں اور منہ میں سے جو پانی جاری ہو۔ اس کو نیچے منہ کر کے تھوکتے جاویں۔ تھوڑے عرصہ میں درد دور ہو جاتا ہے۔ بلکہ اگر مسوڑھوں میں سوجن بھی ہو گئی ہو۔ تو وہ بھی دور ہو جاتی ہے۔

حیرت انگیز تاثیر

صاحب خزائن الادویہ فرماتے ہیں۔ کہ جو شخص پیاز کا استعمال اکثر کرتا رہے اس کو دانتوں کی مرضیں کم ستاتی ہیں۔ بلکہ وہ مرضیں جو دانتوں کی جڑوں کے متعلق ہیں۔ ہرگز نہ ہوں گی۔ دیکھئے۔ اللہ تعالیٰ ان معمولی معمولی چیزوں میں جن کو ہم روزانہ استعمال میں لاتے رہتے ہیں کس قدر فوائد بھرے ہوئے ہیں۔ مگر ہم ان کو جانتے بھی نہیں ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کان درد ۱۴

کان کا درد بہت بُری بلا ہے۔ اس کو بند کرنے کے لئے پیاز ایک عُمدہ چیز ہے۔

ھوالشافی۔ پیاز سفید کو کوٹ کر اور کپڑے میں سے نچوڑ کر پانی نکال لیں۔ اور اس کو ذرا سا نیم گرم کر کے چند قطرہ کان میں ڈالیں۔ انشاء اللہ درد فوراً بند ہو جائیگا۔ میرا مجرّب ہے۔

نوٹ:۔ اگر اس کے ہمراہ سرکہ اور عرق گلاب اور گدھے کی لید کا پانی شامل کر کے اور نیم گرم کر کے استعمال کریں۔ تو بس بفضلہ فوراً ہی آرام ہو جاتا ہے اور ان چیزوں کے نہ ملنے پر تنہا پیاز کا پانی بھی بہت مُفید ہے۔ مگر یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جو بھی دوا کان میں ڈالی جائے۔ وُہ ہمیشہ نیم گرم کر کے ڈالنی چاہیئے۔

دیگر ۱۵

ھوالشافی۔ پیاز کو کوٹ کر پانی نکال لیں۔ اور اس میں قدرے افیون ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ جب مریض کان درد سے لاچار ہو۔ تو اس کے لئے اس عرق کو نیم گرم کر کے اس میں سے چند قطرہ کان میں ڈالیں۔ آرام ہوگا۔

فوائد:۔ بس انشاء اللہ درد فوراً بند ہو جائے گا۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

خناق ع۱۶ خناق کے لئے پیاز کو خوب اچھی طرح گھوٹ کر گلے پر لیپ کریں۔ مفید ہے۔

آواز بیٹھ جانا ع۱۷ اگر کسی وجہ سے آواز بیٹھ گئی ہو۔ تو آواز کھولنے کے لئے پیاز عجیب چیز ہے۔

ہوالشافی۔ پیاز کو آگ میں بھرتہ کریں اور پہلے سوہاگہ ۲ رتی کھلا کر اوپر سے پیاز بریاں شدہ کھلا دیں۔ انشاء اللہ آواز فوراً کھل جائے گا۔

امراض صدوریہ

یعنی

سینہ اور پھیپھڑے کی بیماریاں

کھانسی ع۱۸

کھانسی کے لئے کشتہ ہڑتال گئودنتی جو پیاز کے ذریعہ تیار ہوتا ہے۔ اور آخیر رسالہ میں درج ہے۔ بہت مفید ہے۔ وہاں سے ملاحظہ فرمالیں۔

دمہ ع۱۹ لوگ کہتے ہیں کہ دمہ دم سے جاتا ہے۔ مگر نہیں یہ خیال سراسر غلط ہے۔ اللہ تعالےٰ نے جہاں مرضوں کو پیدا کیا ہے۔ وہاں اس کا علاج بھی رکھا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

چنانچہ ہم ذیل میں ایک نسخہ پیش کرتے ہیں۔ جو کہ دمہ اور پرانی کھانسی کے لئے ایک خاص اکسیر اور تریاق ہے جس کو ظاہر کرنا ہی ایک بہت بڑا کام ہے۔ یہ نسخہ قبل ازیں ہم نے اپنی مشہور عالم کتاب کنز المجربات میں بھی درج کیا ہے۔ گو یہ جنگلی پیاز سے تیار ہوتا ہے۔ مگر تاہم اسی رسالہ کے متعلق ہے۔ اور پھر لطف یہ کہ خاص سنیاسی نسخہ ہے۔ اس لئے درج ذیل ہے۔

اکسیر دمہ خاص سنیاسی نسخہ ۲۰

یہ نسخہ ہمیں بصد مشکل ایک سنیاسی صاحب سے حاصل ہوا تھا جس سے بفضلہ محض سات روز کے عرصہ میں دمہ نیست و نابود ہو جاتا ہے۔ اور پھر انشاء اللہ دوبارہ عود نہیں کرتا۔

ہوالشافی۔ جنگلی پیاز ایک سیر کو کدوکش کر کے کسی مٹی کے مستعملہ کوزہ میں ڈال دیں اور اوپر سے سرکہ خالص دو سیر ڈال کر کوزے کے منہ کو مضبوطی سے گل حکمت کر کے اروڑی (کوڑے کے ڈھیر) میں چالیس روز تک دبائے رکھیں۔ اور پھر نکال کر کپڑے میں سے چھان لیں اور اس میں دوگنی دلیسی کھانڈ ملا کر نرم نرم آنچ پر قوام کر لیں۔ تاکہ چٹنی کی طرح قوام سا ہو جائے۔ اتار کر کسی صاف برتن میں رکھیں بس سنیاسانہ اکسیر دمہ تیار ہے۔ **ترکیب استعمال**۔ خوراک ایک تولہ صبح۔ اگر دمہ خشک ہو تو اوپر سے عرق گاؤزبان پلایا کریں۔ نیز اگر ممکن ہو تو دونوں وقت شوربہ چوزہ مرغ بھی کھلاتے رہیں انشاء اللہ صرف آٹھ دس روز میں دمہ بیخ و بنیاد سے اڑ جائیگا۔

ورم طحال ۲۱ ورم طحال کیلئے اچار پیاز بہت مفید چیز ہے۔ پیاز سے اچار بنانیکی ترکیب اس رسالہ میں کسی اور جگہ درج ہے۔ اس کا استعمال کرانا بھوک لگاتا ہے اور ورم طحال کو دور کرتا ہے۔ علاوہ ازیں یرقان کو بھی مفید ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

امراضِ معدہ وامعاء
یعنی
معدہ اور انتڑیوں کی بیماریاں

معدہ اور آنتوں کی جن مرضوں کو پیاز مفید ثابت ہوتا ہے۔ وہ معہ علاج درج ذیل ہیں۔ بوقت ضرورت فائدہ اُٹھائیں۔

پیٹ درد ۲۲ پیاز کو آگ میں گرم کرکے نچوڑ کر اس میں سے پانی نکال لیں۔ اور اس میں ایک ماشہ نمک ملاکر پلا دیں۔ فوراً پیٹ درد کو آرام ہوگا۔

۲۳ آچار پیاز
جو کہ ہاضمِ طعام اور بھوک لگانیوالا ہے

پیاز کو چھیل کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرلیں اور اس میں مناسب مقدار سرکہ خالص اور نمک مرچ سیاہ زیرہ وغیرہ ڈال کر آچار تیار کریں۔

ترکیبِ استعمال:۔ بوقتِ ضرورت تھوڑا سا آچار لے کر کھلائیں۔

فوائد۔ پیٹ درد کو دُور کرتا ہے۔ ہاضم طعام ہے۔ بھوک لگاتا۔ اور مقوی معدہ ہے۔

قے ۲۴ قے کو بند کرنے کے لئے پیاز کو سونگھانا چاہیئے۔ اس سے قے اور متلی کی شکائت رفع ہوجاتی ہے۔ نیز آچار پیاز کا

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کھلانا بھی قے کو مفید ہے۔

ہندوستان کی ہیبتناک و ہولناک بیماری

ہیضہ عـ ۲۵ ہیضہ ان متعدی و مُہلک مرضوں میں سے ہے جس کا ہول بچہ بچہ کے دل میں ہے۔ یہ وہی مرض ہے جس سے لاکھوں بھلے چنگے شخص سالانہ راہئی ملک عدم ہو جاتے ہیں۔ بے چارے حکیم و ڈاکٹر لوگ بڑی مُدت سے اس کے تریاق معلوم کرنے کے درپے ہیں اور ایک حد تک کامیاب بھی ہو چکے ہیں چنانچہ چند ایک ایسی ادویات ہاتھ آگئی ہیں۔ جن کے استعمال سے اکثر مریضوں کو شفا ہو جاتی ہے۔ مِنجملہ ان کے پیاز بھی ان ہی ادویات سے ہے۔ اس کے اندر بھی اللہ تعالےٰ نے وہ جوہر پنہاں رکھا ہے۔ جو مرض ہیضہ کی بیخ کنی کے لئے عجیب التاثیر ہے۔ چنانچہ ہم چند ایک نسخہ جات ذیل میں درج کرتے ہیں۔

حفظ ما تقدم عـ ۲۶ ہیضہ کے ایام میں جن ہدایات پر کاربند رہنے سے انسان بفضلہ اس مرض سے بچا رہتا ہے وہ تو ہماری دوسری کتاب کنز المجربات میں درج کی جا چکی ہیں۔ البتہ ایک ترکیب درج ذیل ہے۔ ہو الحافظ۔ اگر ہیضہ کے دنوں میں پیاز کو پھوڑ پھوڑ کر جگہ جگہ گھر میں رکھ دیا جائے تاکہ گھر میں پیاز کی بو سما جائے تو ہیضہ سے بچنے کے لئے اچھی ترکیب ہے

۲۷ ہیضہ کے دنوں کی خوراک

ہیضہ کے دنوں میں اگر مندرجہ ذیل ترکیب سے تیار کی ہوئی چٹنی استعمال کی جاوے تو اس کا استعمال کنندہ انشاءاللہ ضرور ہیضہ بلکہ بدہضمی سے بھی بچا

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

رہتا ہے۔ نیز یہی دوا عمدہ لذیذ سالن کا کام بھی دیتی ہے۔

ہوالشافی:۔ حسب ضرورت پیاز لے کر چھیل ڈالیں۔ اور اُسے سیویوں کی طرح باریک باریک کاٹ لیں۔ اور ان کترنوں کو کم از کم سات مرتبہ پانی سے دھو کر اس میں مناسب مقدار سرکہ اور نمک ملا لیں۔ اور تازہ پکی ہوئی روٹی سے کھایا کریں۔ اچھی لذیذ اور مفید غذا ہے۔

ہیضہ کا اکسیری نسخہ ۲۸

ہوالشافی:۔ پیاز ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۷ عدد ڈنڈے کونڈے میں ڈال کر اس حد تک باریک گھوٹیں کہ حاجت چھاننے کی نہ رہ جائے۔ پھر اس میں اس قدر پانی ملا دیں کہ جتنا مریض طلب کرے۔ پھر مریض کو پلا دیں۔ بس بفضلہ تعالیٰ اندر جانے کی دیر ہے۔ پیاس و گھبراہٹ وغیرہ فوراً موقوف ہو جاتی ہے اور مریض تندرست ہونے لگتا ہے۔ دست وقے بھی بفضلہ فوراً رک جاتے ہیں۔ مریض ایسا محسوس کرتا ہے کہ گویا کسی نے جلتی آگ پر پانی ڈال دیا ہے۔ یہ دوا مریض کو دوسری بار دینے کی شاذ ہی ضرورت پڑے۔ ورنہ ایک ہی بار میں آرام ہو جاتا ہے۔

یہ نسخہ بارہا بار کا مجرب ہے۔

دیگر ۲۹

مرقومہ بالا نسخے میں اگر قدرے مصری ملا دی جائے۔ تو کوئی ہرج نہیں۔ بلکہ مصری کی آمیزش سے مفرح اور ہو جائے گا۔

دست پیچش ۳۰

اگر مریض کے پیٹ میں سدہ نہ ہو۔ یا مریض کو جلاب دے کر پیٹ صاف کر لیا ہو۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

جب مریض کے دست و پیچش بند کرنے مقصود ہوں تو ان کے لئے پیاز ایک مسیحائی اثر چیز ہے۔

ہوالشافی - پیاز کا رس چھ ماشہ - افیون نصف رتی ملاکر پلادیں - اسی طرح دن میں دو سے تین مرتبہ پلانا چاہئیے - یقیناً آرام ہو جاتا ہے -

دیگر ۳۱ اگر مریض کو خون اور پیپ ملے ہوئے دست آرہے ہوں - تو اس کے لئے ایک پیاز کے درمیان آدھی رتی افیون رکھ کر بھوبھل میں دبا کر بھون لیں اور مریض کو نیم گرم کھلادیں - انشاءاللہ فوراً دست خون بند ہو جائینگے۔

سنگرھنی ۳۲ یہ وہ نامراد مرض ہے - کہ جس کو چمٹ جاتی ہے پھر مشکل سے ہی جاتی ہے - اس لئے اس کا نام سنگ رہنی (ساتھ رہنے والی) رکھا ہے - مگر اس کو دور کرنے کے لئے ہمارے پاس دو ایک ایسے نسخہ جات موجود ہیں - جس سے بفضلہ تعالیٰ مریض تندرست ہو جاتا ہے - جن میں سے ایک نسخہ تو ہم نے کنزالمجربات میں درج کر دیا ہے اور ایک یہاں درج ہے - یہ نسخہ کشتہ گئو دنتی ہے - جو پیاز میں تیار ہوتا ہے - جس کی مفصل ترکیب رسالہ کے آخیر میں کشتہ جات کے بیان میں درج ہے -!

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

مثانہ کی بیماریاں

پیشاب کی جلن ۳۳

اگر پیشاب جل کر آتا ہو۔ تو ان کو ذیل کا جوشاندہ استعمال کرائیں۔ اُمید ہے شفا ہوگی۔

ہو الشافی:۔ پیاز ۶ ماشہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پاؤ بھر باقی رہے تو چھان کر اور سرد ہونے پر پلا دیں۔ جلن دُور ہوگی۔

مثانہ کی پتھری ۳۴

ہو الشافی۔ پیاز کو کوٹ کر پانی نکالیں۔ اور روزانہ ۲ تولہ بوقت صبح پلایا کریں۔ اس کی مداومت سے پتھری ٹوٹ جاتی ہے اور پیشاب کے راہ بہہ کر نکل جاتی ہے۔

پیشاب کی بندش ۳۵

اگر پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس کو پانی میں گھوٹ کر اور ۵ تولہ مصری ملا کر پلا دیں۔ انشاءاللہ بندشدہ پیشاب کھُل جاتا ہے۔

اگر اس میں قدرے شورہ قلمی اور جوکھار بھی ملا لیا جاوے۔ تو بہت زود اثر ثابت ہوتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

مقعد کی بیماریاں

بواسیر ۳۶ بواسیر کی دو قسمیں ہیں۔ خونی و بادی پیاز دونوں کیلئے دوا کے استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر ویسے کچی کھانا مضر ہے۔ جن ترکیبوں سے استعمال ہوتا ہے۔ وہ درج ذیل ہیں۔

بواسیر خونی ۳۷ ھوالشافی۔ پیاز سفید ۲ تولہ کو خوب باریک پیس کر تقریباً آدھ سیر پانی ملاکر اس میں ۵ تولہ مصری ملاویں اور دن میں ایک بار روزانہ پلاویں۔ بواسیر خونی کو آرام ہوگا۔

بواسیر بادی ۳۸ پیاز کو چھیل کر بہت باریک ٹکڑے کریں اور دھوپ میں خشک کریں۔ ان خشک شدہ ٹکڑوں کو گھی میں بریاں کرلیں۔ اس میں سے ایک تولہ پیاز لے کر اس میں ایک ماشہ سفید تل اور دو تولہ مصری ملاکر ہر روز صبح کے وقت گائے کے دودھ سے استعمال کیا کریں۔

فوائد:۔ اس سے بادی بواسیر کو بالکل آرام ہوجاتا ہے۔

بواسیر کے درد کو بند کرنے والا نسخہ ۳۹

بادی بواسیر کے اکثر مریضوں کو مسّوں سے بہت تکلیف ہوا کرتی ہے۔ درد کے مارے بیٹھا نہیں جایا کرتا۔ مسّے پھول کر مریض کو لاچار کر دیتے ہیں۔ ایسا درد ہوا کرتا ہے۔ کہ گویا مسّوں کو چاقو سے چیرا دے رہے ہیں۔ ایسے موقعہ پر پیاز

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

دو عدد لے کر بھوبھل میں نیم بریاں سی کر لیں۔ اور چھلکا اتار کر اس کو کونڈے میں ڈال کر خوب ہی گھوٹیں اور پھر اس نغدہ کو گھی میں بریاں کر کے ٹکیہ بنا کر گرما گرم ہتھوں پر باندھیں۔ اس کے باندھتے ہی مریض کو چین آجاتا ہے۔ اور مسلسل کا درد ٹوٹ جاتا ہے۔

مردوں کی خاص بیماریاں

مردوں کی بیماریوں میں سے پیاز جن چند ایک مرضوں میں مفید ثابت ہوتا ہے وہ درج ذیل ہیں۔ ممکن ہے پیاز دیگر اور بے شمار مرضوں کو بھی مفید ہے۔ مگر میری محدود معلومات میں تو جو کچھ آیا ہے۔ وہی پیش کر رہا ہوں۔ کسی اور صاحب کو معلوم ہو تو وہ ضرور مطلع فرمائیں۔ تاکہ آئندہ ایڈیشن میں بصد شکریہ ان کے نام نامی سے درج کرا دیا جائے۔ ہاں مردوں کی خاص بیماریوں میں سے نامردی کے لئے یقیناً پیاز ایسا اچھا تریاق ہے۔ جس کا بیان قلم کی طاقت سے باہر ہے۔ اس کی تصدیق وہی شخص کریں گے۔ جو تجربہ کی کسوٹی پر گھس لیں گے۔ چنانچہ اس کا اندازہ ذیل کی حکایت سے ہو سکتا ہے۔

حکایت نمبر ۱

مشہور ہے کہ مہاراجہ کشمیر نے اپنے وزیر پنڈت کو کا سے دریافت کیا۔ کہ کوئی سب سے بہتر مقوی نسخہ بیان فرمائیے۔ تو پنڈت جی نے اس کے جواب میں ایک ہاتھ میں استرا اور ایک ہاتھ میں پیاز پکڑ لیا۔ اور کہا کہ جو شخص ان دونوں چیزوں

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کو نکھرے رہیگا۔ وہ کبھی کمزور نہیں ہوگا۔

ذیل میں چند ایک چٹکلے مقوی باہ عرض کئے جاتے ہیں۔ باقی نسخے کشتہ جات کے بیان میں لکھے جاوینگے۔ کیونکہ کشتہ شنگرف امراض مخصوصہ مرداں کو دور کرنے کے لئے ایک بیش بہا چیز ہے اور جیسی اعلیٰ بیانہ سے زیادہ ہوتی ہے اور کسی چیز سے ہرگز نہیں بن سکتی۔ لہٰذا ہم آخیر رسالہ میں کشتہ شنگرف کی کئی ایک اعلیٰ سے اعلیٰ اور نادر زمانہ ترکیبیں بیان کرینگے۔ وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

جریان ۱ٰ

یہ مرض آجکل عام ہے۔ اگر بغور دیکھا جائے تو اس مرض نے ہمارے نوجوانوں کو اس طرح نکما بنا دیا ہے۔ جیسے گھن اناج کو بنا دیتا ہے۔ مگر اس کے باوجود نوجوان پرواہ نہیں کرتے۔ ذیل میں ایک نسخہ مجوب جریان کا درج کیا جاتا ہے جو کہ واقعی مفید ہے۔

جریان کی اکسیری گولیاں ۲ٰ

ہو الشافی۔ ہرن کی سینگ کا مغز۔ املی کے بیجوں کا مغز ہم وزن لیکر ان کو باریک پیسیں۔ اور متواتر تین یوم تک پیانہ کے پانی میں رگڑتے رہیں۔ پھر گولیاں بمقدار جنگلی بیر کے بنائیں اور سایہ میں خشک کرکے شیشی میں سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک گولی بوقت صبح دودھ سے استعمال کریں۔

فوائد:۔ انشاء اللہ سات ہی روز میں صحت ہو گی منی غلیظ ہو گی اور طاقت بڑھیگی

چند مقوی باہ نسخہ جات ۳ٰ

خوراک مقوی باہ

کو دیکھنے میں ذیل کی دوا ایک معمولی اور بے حقیقت معلوم ہوتی ہے مگر در اصل

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Saraiyu Trust.

کتاب کی جان ہے۔ جو صاحب بنا کر استعمال کریں گے۔ یقیناً اس کی سحر کا دیوں کے قائل ہو جائیں گے۔

ہوالشافی: - پیاز کا پانی ۲۰ تولہ۔ شہد خالص ۵ تولہ۔ دونوں کو آگ پر پکائیں۔ جب قوام بن جائے تو اتار کر پلایا کریں۔ اگر مریض کہے تو اس سے دوگنا وزن بھی دیا جا سکتا ہے۔ چند خوراکوں میں ہی چہرہ لال سرخ اور قوتِ باہ بڑھ جاتی ہے

دیگر ۳۴ — پیاز سفید تین عدد لے کر ایک برتن میں رکھیں اور اس پر گائے یا بھینس کا دودھ تازہ اس قدر ڈالیں کہ چار انگل تک اوپر آجائے۔ پھر اس کو نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب گل جاوے تو اتار لیں اور سرد ہو جانے پر اس کے برابر گائے کا گھی داخل کر دیں۔ اور پھر آگ پر بریاں کریں اور شہد کے برابر ملا کر قوام کریں۔ اور اتار کر سرد ہونے پر اس میں سے نصف صبح اور نصف شام کو کھلائیں

فوائد: - ازحد مقوی باہ ہے۔ نامرد مرد ہو جاتا ہے۔ اس کو کھانے والے کو ..... سے سیری نہیں ہوتی۔

پیاز مدبر ازحد مقوی باہ و مقوی بدن ۳۵

ہوالشافی حسب ضرورت بہت سے پیاز لے کر کسی برتن میں ڈال کر اس کے منہ پر ڈھکن رکھ کر مضبوطی سے بند کر دیں اور ایسی جگہ زمین کھود کر دبا دیں جہاں گائیں بندھتی ہوں۔ پورے چار مہینے گڑا رکھنے کے بعد اس برتن کو نکالیں اور مندرجہ ذیل ترکیب سے استعمال کریں۔

ترکیب استعمال: - ایک پیاز یا کم زیادہ موافق مزاج مریض کو روزانہ کھلایا کریں۔

فوائد: - اس سے قوت باہ و قوت بدن بہت بڑھتی ہے۔ مگر تناہی کھانا چاہیے جتنا بہت جلد ہضم ہو سکے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

چٹکلہ ۱۵ :- پیاز اور گڑ ملا کر کھانا بہت ہی مقوی باہ ہے۔ فوراً نعوظ دلاتا ہے

روغن زرد ۱۶ مقوی باہ !

سستی و نامردی کے لیئے مجرّب

ہوالشافی۔ شنگرف رُومی ایک تولہ کی ڈلی لے کر سفید پیاز کے درمیان میں رکھ کر اُوپر سے وہی چیز بھر دیں جو نکلی تھی۔ پھر اس کو ایک لوہے کی تار سے باندھ کر رکھیں۔ اور روغن زرد گائے آدھ سیر کو قلعی دار دیگچی میں ڈال کر پکا دیں اور پیاز کو لوہے کی تار سے اِس طرح لٹکا دیں کہ وہ گھی کے عین درمیان میں ڈوبا رہے پس جب پیاز جل جائے تو اس گھی کو سنبھال کر کسی برتن میں رکھ دیں۔

ترکیب استعمال :- اس گھی میں سے ۵ رتی گھی دُودھ میں ملا کر پلایا کریں۔

فوائد۔ ازحد مقوی باہ ہے۔ مگر سرخ مرچ اور ترش اشیأ سے پرہیز لازم ہے۔

حبوب مقوّی باہ نمبر ۱۷

ہوالشافی۔ سم الفار دُودھیا ایک تولہ کو کسی نہ گھسنے والی کھرل میں ڈال کر باریک پیسیں اور اس میں سفید پیاز کے پانی کی ایک بوتل دس روز میں بذریعہ کھرل جذب کر دیں۔ اور پھر ماش کے دانہ سے ذرا چھوٹی گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک گولی بوقت صبح مکھن میں لپیٹ کر کھلائیں اور اُوپر سے دودھ سیر بھر پلا دیں۔ نیز ہمراہ گھی خوب کھلاتے رہیں۔

فوائد:- ازحد مقوّی باہ ہے۔ خون صالح بافراط پیدا کرتی ہیں۔ مجلوقین کے تمام عوارض دُور ہو کر ازحد طاقت پیدا ہوتی ہے۔ چند روزہ استعمال سے چہرہ پُر خون ہو جاتا ہے۔ عجیب و غریب گولیاں ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

حبوب مقوی باہ نمبر ۲

شنگرف رومی ایک تولہ کو دس تولہ آب پیاز میں کھرل کر کے گولی بنا دیں اور ایک نر چڑا لے کر اس کا پیٹ چاک کر کے آلائش وغیرہ دور کر دیں اور اس میں گولی مذکورہ رکھ کر سی دیں۔ پھر پاؤ بھر روغن زرد کو دیگچی میں ڈال کر پکا دیں اور چڑے کو اس میں اچھی طرح بریاں کر لیں۔ ازاں بعد نکال کر معہ چڑا ہاون دستہ میں ڈال کر کوٹ لیں پھر کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا آب پیاز شامل کرتے اور کھرل کرتے جاویں۔ جب ۱۰ تولہ پانی جذب ہو جاوے۔ تو گولیاں بقدر دو رتی بنا لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ہر روز بوقت صبح ایک گولی ہمراہ دودھ کھلایا کریں

فوائد:۔ از حد مقوی باہ ہیں۔

نوٹ:۔ دیگر مقوی باہ نسخہ جات کے لیے ملاحظہ ہو باب کشتہ جات در آخیر

عورتوں کی خاص بیماریاں

میرے محدود معلومات کی بنا پر پیاز جن جن مرضوں میں مفید پڑتا ہے۔ وہ امراض معہ علاج درج ذیل ہیں۔ تفصیل کے لیے کنز المجربات ملاحظہ فرمائیں۔

احتباس طمث یعنی حیض کا رک جانا ۷۹

اگر حیض رک گیا ہو تو عورتوں کو اکثر امراض لاحق ہو جایا کرتی ہیں۔ منجملہ ان کے سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جب تک حیض باقاعدہ جاری نہ ہو جائے تب تک حمل قرار نہیں پاتا۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

حمل قرار پانے کے لئے حیض کا خوب کھل کر آنا اشد ضروری ہے۔ حیض کشائی کے لئے پیاز ایک عام مگر مفید دوا ہے۔ کن ترکیبوں سے برتا جاتا ہے۔ وہ نیچے دیکھیں ۔!

نسخہ اوّل ۵۰

ھوالشافی:۔ پیاز ۵ تولہ کو سیر بھر پانی میں ڈال کر پکا دیں۔ جب ڈیڑھ پاؤ پانی باقی رہ جائے۔ تو اس میں ۳ تولہ گڑ ملا کر گرم گرم یہی پلا دیا کریں۔ چند روزہ استعمال سے بفضلہ مدتوں کا رُکا ہُوا حیض جاری ہو جائے گا۔

نسخہ دوم ۵۱

ھوالشافی۔ پیاز کو کوٹ کر ۵ تولہ پانی نکالیں اور اس کو نیم گرم کر کے رات کے وقت سوتے ہوئے پلا دیا کریں۔ اس سے بھی حیض بندشدہ کھل جاتا ہے۔

نسخہ سوم ۵۲

ھوالشافی۔ پیاز ۱۰ تولہ کو خوب گرم مصالحہ ڈال کر اور گھی میں ڈال کر بندشدہ حیض والی عورت کو کھلایا کریں۔ انشاءاللہ مراد پوری ہو گی۔

زخم پستان ۵۳

جب پستان کا ورم پھوٹ کر زخم بن جاتا ہے۔ تو وہ راضی ہونے میں ہی نہیں آیا کرتا۔ اس کے لئے میٹھا تیل ۱۰ تولہ میں پہلے ۲ تولہ پیاز جلا دیں۔ اور پھر نیم کے پتے جلا دیں اور پھر اس میں قدرے موم ملا کر مرہم بنا لیں۔ اس مرہم کو زخم کے اُوپر لگاتے رہنے سے زخم بفضلہ دنوں میں بھر آتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

امراض الاطفال

یعنی

بچوں کی بیماریوں کا بیان

بچوں کی مرضوں میں سے جن مرضوں میں پیاز مفید ہے وہ درج ذیل ہیں۔

بچوں کا پیٹ درد ۵۴

جب بچوں کو پیٹ درد ہوا کرتا ہے تو اس کی یہ علامت ہے کہ بچے ٹانگوں کو بار بار سکیڑتے ہیں اور کھینچتے ہیں۔ بچوں کے پیٹ درد کیلئے مندرجہ ذیل چٹکلہ مفید ہے۔

ہوالشافی۔ پیاز کو آگ میں سینک کر پانی نچوڑ لیں اور ۳ ماشہ پلا دیں۔ درد بند ہو گا۔

بچوں کے اسہال

ہوالشافی۔ پیاز کا پانی نکال کر کسی برتن میں رکھیں اور پیپل کا دہکتا ہوا کوئلہ کسی چمٹے وغیرہ سے پکڑ کر اس پیاز کے پانی میں بجھا دیں۔ جو پہلے سے برتن میں رکھا ہوا ہے اب یہ دونو علیحدہ علیحدہ دوائیں بن گئیں۔

کوئلہ کو باریک پیس کر شیشی میں رکھیں اور اس میں بقدر ۳ رتی سادہ پانی میں حل کر کے پلا دیں۔ یا وہ آب پیاز جس میں کوئلے کو بجھا دیا تھا بقدر ۳ ماشہ پلا دیں انشاء اللہ ضرور آرام ہو گا۔ ہاں اگر اسہال بڑی کثرت سے جاری ہوں اور پھر کسی طرح تھمنے میں نہ آتے ہوں۔ تو مذکورہ بالا ہر دو ادویات کو یک لخت ہی استعمال کریں۔ یعنی آب پیاز ۳ ماشہ میں کوئلہ مذکورہ کا سفوف ملا کر

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

پلا دیں۔ انشاء اللہ یقیناً اسہال بند ہو جائیں گے۔ خواہ کتنے ہی کثرت سے کیوں نہ ہوں۔

کان درد ۵۶

اگر بچہ روتے چلّاتے اور سر کو بار بار اِدھر اُدھر مارے اور ہاتھ کو کان کی طرف لے جائے تو اسے کان درد خیال کرنا چاہیئے۔ کان درد کو بند کرنے کے لئے ذیل کا چٹکلہ بنائیں۔

ہوالشافی۔ پیاز کو بھوبھل میں دبا کر نکالیں اور نچوڑ کر پانی نکالیں اور نیم گرم میں سے دو تین قطرے کان میں ڈالیں۔ انشاء اللہ درد فوراً بند ہو جائیگا۔

آنکھیں دُکھنا ۵۷

ہوالشافی۔ پیاز کا پانی ایک حصہ۔ شہد خالص ایک حصہ۔ عرق گلاب ۲ حصہ ملائیں۔ اور اس میں سے ایک ایک قطرہ دونوں وقت آنکھوں میں ڈالیں۔ انشاء اللہ آرام ہوگا۔ مگر اس دوا کو روزانہ نئی تازہ بنانی چاہیئے۔

بچّوں کو لُو لگنا ۵۸

بچے ایک اعلیٰ اور خوشنما پھول ہیں۔ لہذا لُو لگنے سے بیمار ہو جاتے ہیں۔ اگر بچے کو لُو کی گرمی لگ جائے تو بدن پہ پیاز کا پانی لگانا چاہیئے اس سے فوراً آرام ہوگا۔

بچّوں کو لُو سے بچانا ۵۹

جس بچے کے گلے میں پیاز کی مالا باندھی ہوئی ہے۔ وہ بچہ بفضلہ لُو کی گرمی سے حفاظت میں رہتا ہے۔ ممکن ہے بعض صوفی طبع شخص اس کو شرک بتادیں۔ مگر یہ درست نہیں۔ یہ محض ادویات کی تاثیر ہے۔ اس میں استمداد بغیر اللہ یا توکل علی غیر اللہ کو کوئی دخل نہیں۔ فافہموا۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

متفرقات

مختلف امراض کے عجیب عجیب نسخہ جات

یہاں پر مختلف بیماریوں کے نسخہ جات بیان کیے جاتے ہیں۔ جن میں ترتیب اعضاء و ابواب کا لحاظ نہیں ہے۔ پہلے زہریلے جانوروں کے تریاق درج کیے جاتے ہیں۔

تریاق زہر سانپ ۶۰ء

پیاز میں تریاقی اثر بھی ہے۔ چنانچہ جب کسی کو سانپ ڈس جائے تو اس کو پیاز کثرت سے کھلانے چاہئیں۔ انشاء اللہ زہر دُور ہو جائے گا۔ چنانچہ شیخ بھی اس کا تریاق ہونا تسلیم کرتا ہے۔

کھنکھجورا ۶۱ء

جس کو فارسی میں ہزار پا کہتے ہیں۔ یہ بھی بڑا زہریلا جانور ہے۔ اس کی زہر کو دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل لیپ کا نسخہ بڑا ہی پسند ہے۔

ہوالشافی۔ پیاز اور لہسن کو پیس کر اُوپر لیپ کریں۔ انشاء اللہ زہر دُور ہوگا۔

بچھو بھڑ وغیرہ ۶۲ء

اگر بچھو یا شہد کی مکھی یا بھڑ وغیرہ کاٹ جاوے تو اس پر پیاز کا پانی لگانا چاہیئے۔ اور پیاز ہی کھلانا چاہیئے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

دیگر ۶۳ — پیاز کو سرکہ میں بال یک گھوٹ کر لیپ کرنا ہر ایک زہر دار کیڑے کی زہر کو دور کرتا ہے۔

طلسم عجیب ۶۴ — اگر پیاز کو پانی میں گھوٹ کر گھر میں چھڑکیں تو سانپ بچھو وغیرہ بھاگ جاتے ہیں۔

باؤلا کتا ۶۵ — اگر باؤلا کتا کاٹ جائے تو اس کے زخم پر پیاز کا پانی اور پھٹکڑی لگانا چاہیے۔ تاکہ زخم جلدی نہ بھر جاوے اور پیاز کا رس پلانا چاہیے۔ اس سے کتے کی زہر دور ہو جاتی ہے۔ یہی مذہب شیخ کا ہے۔

گنٹھیا ۶۶ — ھوالشافی۔ پیاز کا پانی اور رائی کا تیل ملا کر جوڑوں پر مالش کریں۔ اس سے جڑے ہوئے جوڑ کھل جائیں گے اور بفضلہ آرام کی صورت پیدا ہو جائے گی۔

بدھ ۶۷

پیاز کو بچے کے پیشاب میں اچھی طرح پیس کر ٹین میں تل کر بدھ کے اوپر باندھیں۔ دو تین بار کے باندھنے سے بدھ بیٹھ جاتی ہے۔

برص ۶۸

ھوالشافی۔ پیاز کا پانی اور شہد و نمک ملا کر کھرل کریں اور روزانہ برص

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کے داغوں پر لیپ کریں۔ انشاءاللہ اس کی مداومت سے داغ دور ہو جاتے ہیں۔

چہرہ پر سُرخی کی لہر ۶۹

پیاز کو روزانہ استعمال کرنے سے چہرہ پر سُرخی آجاتی ہے۔ زردی دور ہو جاتی ہے

نہروا ۷۰

ہوالشافی۔ صابون دیسی ۲ حصہ پیاز کا پانی ۱ حصہ دونوں کو ملا کر رگ پر پکا دیں اور پھر چوڑا کر کے نہروا کے اوپر باندھیں انشاءاللہ دو تین بار میں مرض دفع ہو گا۔

بارود سے جلنا ۷۱

اگر بارود سے ہاتھ منہ وغیرہ جل گیا ہو تو فوراً اس کے اوپر پیاز کا پانی لگا دیں۔ اور زخم ہو چکا ہو تو پیاز کوٹ کر اوپر باندھیں۔ آرام ہو گا۔

پھوڑا ۷۲

جو پھوڑا پھوٹنے میں نہ آتا ہو۔ اس پر پیاز کو کوٹ کر اور گرم کر کے باندھنا چاہیئے۔ انشاءاللہ چند بار کے باندھنے سے پھوٹ جاتا ہے۔

طلسمی تحریر ۷۳

پیاز کا پانی نکال کر شیشی میں ڈالیں۔ اور اس میں سے جو چاہیں۔ صاف کاغذ پر لکھیں۔ خشک ہونے کے بعد لکھا ہوا بالکل معدوم ہو جاوے گا۔ اور ایسا معلوم ہو گا۔ کاغذ گویا کورا ہی ہے۔ مگر جونہی اس کو دہکتے ہوئے کوئلے کے پاس لے جا کر حرارت پہنچائیں گے۔ فوراً ہی لکھا ہوا ظاہر ہو جائیگا۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

بچھو کاٹے کے تین اعلےٰ تریاق

تریاق اوّل ۷۴ع ھو الشافی - عرق پیاز یعنی پیاز کا پانی اور نوشادر ہم وزن لے کر کھرل میں ڈال کر خوب ہی کھرل کریں جب دونوں چیزیں اچھی طرح حل ہو جائیں تو شیشی میں ڈال رکھیں۔ یہ بچھو بھڑ و شہد کی مکھی کا اعلےٰ تریاق ہے۔

ترکیب استعمال - اس دوا میں سے چند قطرے لے کر اوپر مل دیں۔

فوائد:- زہر دور ہو کر فوراً ٹھنڈک پڑ جاتی ہے۔

تریاق دوم ۷۵ع پیاز کو کوٹ کر دو ٹکڑے کریں اور کٹے ہوئے حصے پر چونا قلعی بجھا ہوا لگا کر کاٹی ہوئی جگہ پر خوب اچھی طرح ملیں فوراً آرام ہو جاتا ہے۔

تریاق سوم ۷۶ع پیاز کو کوٹ کر نغدہ بنائیں اور کاٹی ہوئی جگہ پر رکھ کر باندھیں۔ بفضلہ صرف دس منٹ میں بالکل آرام ہو جاتا ہے۔

نیز پیاز کو نمک لگا کر کھلانا بھی زہروں کو دور کر دیتا ہے۔

سرمہ سلیمانی تمام امراضِ چشم کی شرطیہ اور مجرب المجرب دوا ہے۔ فی شیشی ۱۲ آنے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

رسالہ خواص پیاز

پیاز سے تیار ہونیوالے کُشتہ جات

پیاز سے کئی ایک کُشتہ جات بڑے عُمدہ اور آسانی سے بن جاتے ہیں۔ کئی ایک ذوی الارواح اشیا کو قتم کیا جاتا ہے۔ غرضیکہ علم الاکاسیر میں بھی اس کا پورا پورا اثر ہے۔ خصوصاً کُشتہ جات شنگرف تو اس سے ایسے اعلیٰ تیار ہوتے ہیں۔ جیسے اور کسی چیز سے بنتے اگر ممکن نہیں تو محال ضرور ہیں۔ چنانچہ ذیل میں کشتہ شنگرف کی متعدد ترکیبیں عرض کرتے ہیں۔

کُشتہ تانبہ

تانبہ کو کُشتہ کرنا اور وہ بھی بوٹی سے کوئی آسان کام نہیں ہے۔ محض لاف زنی کر لینا اور بات ہے مگر اس کو جامۂ عمل پہنانا ذرا مشکل امر ہے۔ ذیل میں ہم کشتہ تانبہ کی دو ترکیبیں بیان کرتے ہیں۔ جن سے اعلیٰ کُشتہ تیار ہوتا ہے۔

ترکیب اوّل

تانبہ کا باریک پترا بوزن چھ ماشہ لیں۔ پھر اس کو آگ میں گرم کر کے سات بار پیاز کی پوٹی کے پانی میں بجھاویں۔ پھر پوٹی پاؤ بھر کے نغدہ میں رکھ کر اور گل حکمت کر کے تیس سیر اُپلوں میں آگ دیں پھر سرد ہونے پر نکال لیں۔ کُشتہ مذکور پھولا ہوا بر نگ آسمان سفیدی مائل تیار ہوگا۔ پیس کر شیشی میں رکھیں۔ خوراک ۲ چاول سے ۴ چاول تک۔

فوائد۔ از حد مقوی باہ ہے۔ سرسام اور گنٹھیا کو مفید ہے۔ سرمہ میں

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ملا کر لگانا امراض چشم کے لئے اکسیر ہے۔

دوسری ترکیب

نیلا تھوتہ ۶ ماشہ کو پیاز کے پاؤ بھر پانی میں کھرل کریں اور گولی بنا کر کسی کوزہ میں بند و گل حکمت کر کے بیس سیر اپلوں میں آگ دیں۔ اسی طرح ایک یا دو آنچیں اور دیں۔

کشتہ جات شنگرف

شنگرف کا کشتہ نامردی اور کمزوری کے لئے ایک لاجواب اور مسلمہ چیز ہے۔ ذیل میں ہم نے پیاز سے بننے والے کشتہ جات کا مفصل بیان لکھا ہے۔

کشتہ شنگرف

شنگرف رومی ایک تولہ کو کسی پختہ کھرل نہ گھسنے والے میں ڈال کر آب پیاز ڈال کر خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کرتے رہیں۔ یہاں تک کہ ڈیڑھ سیر پانی بذریعہ کھرل ہی جذب ہو جائے پھر اس کو ٹکیہ بنا کر خشک کر کے روغن زرد میں بریاں کریں اور بریاں ہو جانے پر باریک پیس کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک رتی کشتہ مذکور مکھن یا بالائی میں دیا کریں۔!

فوائد۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے۔ نامردوں کی خاص دوا ہے۔

کشتہ شنگرف نمبر ۲

شنگرف رومی ایک تولہ کی سالم ڈلی پر مہینگ خالص ایک تولہ آب پیاز میں باریک پسی ہوئی کا لیپ کریں۔ اور پھر ایک سفید پیاز کلاں میں رکھ کر بھرتہ

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کریں۔ علیٰ ہذا القیاس پھر تازہ مینگ اور تازہ پیاز لے کر بھرتہ بنا دیں۔ یہانتک کہ پچاس مرتبہ تشویہ ہو جائے۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال۔ ایک چاول کُشتہ مذکور مکھن ۵ تولہ میں رکھ کر کھلائیں اور اوپر سے سیر بھر دودھ گائے پلائیں۔

فوائد۔ یہ کُشتہ بھوک لگاتا ہے۔ مقوی باہ حد درجہ کا ہے اگر چالیس یوم با پرہیز استعمال کر لیا جائے تو عجیب وغریب فوائد ظہور میں آتے ہیں۔ اس کے استعمال کرنے والے کو سردی کے موسم میں جاڑا بالکل محسوس نہیں ہوتا۔

کُشتہ شنگرف نمبر ۳ ۸۱ پیاز کا پانی آدھ سیر، گائے کا گھی آدھ پاؤ۔ دونوں کو لوہے کی صاف کڑاہی میں ملا دیں۔ اور اس میں شنگرف کی ڈلی ایک تولہ داخل کر دیں۔ در نیچے نرم نرم آگ جلاتے رہیں۔ نیز کسی چیز سے شنگرف کی ڈلی کو اُلٹ پلٹ کرتے رہیں۔ تاکہ تمام پیاز کا پانی جل کر صرف گھی برنگ سیاہ باقی رہ جائے اب شنگرف کو نکال کر کسی کورے پیالے میں رکھیں۔ جس کو ابھی پانی نہ لگا ہو۔ تاکہ تمام دہنیت (چکنائی) دور ہو جاوے۔ اب کُشتہ مذکور کو باریک پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک رتی کُشتہ لے کر گائے کے مکھن میں لپیٹ دیا کریں۔

فوائد:۔ ضعف جگر کو مفید ہے اور از حد مقوی باہ ہے۔

کُشتہ شنگرف نمبر ۴ ۸۲ شنگرف رومی مصفیٰ ایک تولہ کو بڑے پیاز سفید میں رکھ کر گل حکمت کر کے اسی تری کی حالت میں کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ جب مٹی سرخ ہو جاوے نکال کر دوسرے پیاز میں اسی طرح پکا دیں علیٰ ہذا القیاس پورے چالیس

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

پیازوں میں رکھا دیں۔ پھر اس کو مغز ساق بز ۲ تولہ میں ملا کر تین گھنٹہ پیس کر دو دو رتی کی گولیاں بنائیں۔ اور پھر باریک ململ کے کپڑے میں پوٹلی باندھ کر رکھیں۔ اور مٹی کی ایک بڑی دیگ میں بکری کے گوشت کا قیمہ ایک سیر، نوشادر تین تولہ۔ پانی دس سیر ڈال کر شنگرف والی پوٹلی کو پانی سے آٹھ انگل اوپر لٹکا دیں تاکہ جوش کی حالت میں بھی پوٹلی پانی کو نہ لگنے پائے۔ بلکہ صرف بھاپ ہی لگتی رہے۔ یہاں تک کہ تمام پانی جل جاوے۔ پھر شنگرف کو باریک پیس کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ نصف چاول سے ایک چاول تک حسب طاقت مکھن میں لپیٹ کر کھلاویں۔

فوائد۔ تمام بارد امراض فالج لقوہ، وجع المفاصل، عرق النساء وغیرہ وغیرہ کے لئے عجیب وغریب دوا ہے۔ پورانی سے پورانی بیماری چند ہی خوراکوں میں دور ہو جاتی ہے۔ اور کسی دوا کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

نوٹ

شنگرف رومی ایک تولہ کو ذیل کے طریقہ سے صاف کر کے داخل ترکیب کریں۔ شنگرف رومی ایک تولہ کو باریک ململ کے کپڑے میں پوٹلی باندھیں اور آدھ سیر سرکہ انگوری میں پوٹلی باندھ کر کڑاہی کے درمیان لٹکا دیں۔ مگر پوٹلی کڑاہی کے پانی میں ہرگز ہرگز نہ لگنے پاوے۔ اس کو نرم آنچ پر پکاویں۔ جب تمام سرکہ جذب ہو جاوے تو نکال لیں۔ بس شنگرف مدبر ہو چکی۔ اب اس کو کشتہ بنالیں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کشتہ شنگرف برنگ سفید نمبر ۵

(از جناب حکیم محمد یوسف حسن صاحب ایڈیٹر نیرنگ خیال)

شنگرف کا کشتہ اور وہ بھی سفید ایک نایاب چیز سمجھی جاتی ہے۔ اکثر لوگ دعوے تو کرتے ہیں مگر بنانے کے وقت بغلیں جھانکنے لگتے ہیں۔ مجھے کئی بار طبیبوں سے ملنے کا اتفاق ہوا ہے۔ جب پوچھا تو فرمایا کہ بنا کر دکھا سکتے ہیں، مگر اس وقت تیار موجود نہیں بعض بڑے بڑے دوافروش بھی اکثر سرخ رنگ کا ہی بنا کر فروخت کر رہے ہیں۔ بہت سی کتابی ترکیبوں کے مطابق بنانے کی کوشش کی گئی مگر بے سود ثابت ہوئیں۔ آخر بڑی محنت سے ایک ترکیب حاصل ہوئی جس سے بارہا بار کامیابی ہوئی۔ شنگرف ایک چھٹانک لے کر اس کو پیاز کے پانی میں جو پہلے ہی منقطر کر لیا گیا ہو۔ کھرل کرتے رہیں۔ کھرل پختہ ہو جو بالکل نہ گھسے یہاں تک کہ پورا ایک من پانی جذب ہو جاوے۔ ایک من پانی گرمی کے موسم میں تین ماہ میں جذب ہو جاتا ہے اور سردیوں میں پانچ ماہ لگتے ہیں۔ مگر ایک بار کی محنت تمام عمر کے لئے اور مقوی ادویات سے بے نیاز کر دیتی ہے۔ اب کشتہ پوست بیضہ مرغ جو سفید رنگ کا ہو خواہ کسی ترکیب سے بنا ہو۔ بوزن نصف سیر لے کر شیر مدار یا آب لیموں میں پیس کر دو ٹکیاں بنا لیں۔ اور ان کے درمیان میں کھرل شدہ شنگرف ایک ٹکیہ بوزن ایک تولہ لے کر کسی کوزہ میں گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں میں آگ دیں۔ شنگرف برنگ سفید کشتہ ہو گا۔ احتیاط سے نکال لیں۔ کیونکہ کشتہ پوست بیضہ مرغ بھی سفید ہو گا۔ لہذا کشتہ شنگرف کو علیحدہ کھرل کر کے شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔ اور اس میں سے ایک چاول سے چار چاول تک رات کو سوتے وقت مکھن میں کھا کر اوپر سے دودھ گھی ملا دیں۔ ۲۰ سے ۴۰ روز استعمال کرنے سے چہرہ کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ باہ بڑھے گی۔ بھوک لگے گی۔ تمام مقوی دواؤں کی سرتاج ہے مگر استعمال کے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

بعد بھی ایک مہینہ جماع اور ترش چیزوں سے پرہیز لازم ہے۔ جو اس کو بنائے گا۔ لاکھ روپیہ کا نسخہ ہے۔

کشتہ شنگرف قائم النار نمبر ۸۴
اکسیر اعظم

اس نسخہ کو جناب حکیم محمد یار صاحب حکیم حاذق للیانوی اپنی زبردست تصنیف ... عائی میں وضاحت سے لکھتے ہیں۔ جس میں بیان فرماتے ہیں کہ یہ نایاب کشتہ دارالصحت سلطانیہ کا ایک مایہ ناز اور مشہور و معروف دوا ہے۔ جو اکسیر الاجسام کے نام پر بذریعہ اشتہارات مبلغ تیس روپیہ فی تولہ کے حساب سے فروخت ہو رہا ہے۔ جو کہ بفضلہ نامردی، سرعت انزال وغیرہ سرعت انزال وغیرہ کا بے خطا نسخہ اور حد درجہ مقوی باہ ہے۔ علاوہ ازیں فالج، لقوہ، رعشہ استرخاء۔ وجع المفاصل وغیرہ کو بھی لاجواب اور تریاق اعظم ہے۔

شنگرف رومی ۵ تولہ کی ۵ ڈلیاں بنا کر ان پانچوں پر ریشم کے تار خوب اچھی طرح لپیٹ دیں اور لوہے کی کڑچھی میں ایک ابرک کا ورق رکھ کر اس پر شنگرف کی پانچوں ڈلیاں ذرا ذرا فاصلے پر جدا جدا رکھ دیں۔ اور ان پر پیاز کے پانی کا چوبہ دیں یعنی درمیانی آگ پر ہر ایک ڈلی کے اوپر چار چار یا پانچ پانچ قطرے تھوڑی تھوڑی دیر سے ڈالتے رہیں مگر یہ یاد رہے کہ جب تک پہلے قطرے خشک نہ ہوں اور نہ ڈالیں۔ اور نہ ہی زیادہ وقفہ پڑنے دیں۔ بلکہ جونہی قطرے خشک ہوں فوراً ہی اور ڈال دیں۔ ورنہ شنگرف کا جوہر جل کر کیا کرایا خاک میں مل جاتا ہے نیز پیاز کے پانی کا فضلہ جو ہو۔ اس کو ساتھ ساتھ ہی جدا کرتے جاویں اور ابرک کے جل جانے پر نیا ورق بدل دیا کریں۔ اسی طرح روزانہ نیا پانی نکالیں۔ اور مذکورہ بالا ترکیب کے بموجب شنگرف پر قطرہ قطرہ جذب کریں۔ اسی طرح قطرہ قطرہ کر کے پورا اٹھارہ سیر پانی شنگرف کو پلا دیں۔ اور پھر اس شنگرف

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کو چار تولہ روح کیوڑہ میں باریک پیس کر خشک ہونے کے بعد شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔ یہ کشتہ قائم النار اور باوزن اور ہمہ صفت موصوف ہوگا۔

مفید نوٹ

بادی النظر میں یہ کشتہ تیار کرنا بڑا ہی مشکل معلوم ہوتا ہے مگر صاحب ہمت شخصوں کو کچھ مشکل نہیں۔ کیونکہ ایک دن میں کم سے کم بھی ڈیڑھ سیر پانی بڑی آسانی سے جذب کرایا جا سکتا ہے۔ اس حساب سے دو شخص بارہ روز میں بخوبی تیار کر سکتے ہیں۔ جو کہ کم از کم دس پندرہ گئے گزرے نامردوں اور بیس چالیس معمولی کمزوروں کے لئے کافی ہوتا ہے۔ ہاں محنت اور لاگت کا حساب آپ خود لگالیں مگر ہم اتنا ضرور کہیں گے کہ اگر نسخہ الہامی ہو اور خدمت رائیگاں نہ جائے تو انسان بنانے کے بعد سب تکلیفیں بھول جاتا ہے۔ ہاں اگر خدانخواستہ اتنی محنت کرنے کے بعد ناکامی ہو یا کشتہ ہی بگڑ جائے تو بڑی سخت مصیبت اور پشیمانی اٹھانی پڑتی ہے۔ مگر بفضلہ تعالیٰ اس کشتہ کے اندر دونوں باتیں نہیں۔ کیونکہ اول تو اسے ہر شخص تیار کر سکتا ہے۔ دوسرے بفضلہ اگر موقع و محل دیکھ کر دی جاوے۔ تو انشاء اللہ ہرگز ہرگز ناکامی نہیں ہوتی۔ اس لئے کشتہ کو بنانے میں کسی قسم کی پس و پیش نہ کرنی چاہیئے اور اس کو بنا کر ضرور فائدہ اٹھائیے۔

ترکیب استعمال کا عجیب ڈھنگ

پہلے روز تازہ مکھن ۵ تولہ میں قدرے مصری ملا کر پہلے تھوڑے حصہ میں ایک رتی کشتہ شنگرف لپیٹ کر کھلاویں۔ اور باقیماندہ مکھن اوپر سے کھلادیں۔ دوسرے روز ڈیڑھ چھٹانک مکھن اور ڈیڑھ رتی کشتہ مذکور۔ تیسرے روز آدھ پاؤ مکھن اور دو رتی کشتہ۔ چوتھے دن ۲ رتی کشتہ اور ۲ چھٹانک مکھن اس طرح روزانہ نصف رتی بڑھا کر ۴ رتی لے آویں اور مکھن بھی پاؤ بھر بلکہ بعض اوقات ہم لے تو کشتہ ۷ رتی تک اور مکھن آدھ سیر تک چڑھا دیا ہے اور ساتھ ہی چار

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

چار سیر پختہ دودھ ہضم ہوتا رہا ہے۔ ہاں اگر مریض زیادہ مکھن کھانے سے نفرت کرے تو محض آدھ پاؤ مکھن پر بھی اکتفا کیا جا سکتا ہے یا دودھ کی بجائے ملائی سے بھی کام چلایا جا سکتا ہے۔ غرضیکہ ساتھ دودھ یا ملائی کی ضرورت ہے

فوائد۔ آپ چند ایک خوراکیں استعمال کرنے کے بعد ہی دیکھ لیں گے۔ کہ روز بروز کس قدر بجلی کی طرح طاقت پیدا ہوتی چلی جا رہی ہے۔ اس سے نامرد مرد اور مرد جوانمرد بن جاتے ہیں گویا کہ استاد ذوق نے مندرجہ ذیل شعر اس کے حسب حال کہا ہے ؎

پیرِ مغاں کے پاس وہ دارو ہے جس سے ذوق ۔ نامرد مرد مرد جواں مرد ہو گیا

امید ہے کہ آپ اس کو تیار کر کے ضرور مستفید ہوں گے۔ اگر خود نہ بنا سکیں۔ تو حکیم رحمت اللہ منیجر دواخانہ سلیمانی قصبہ بروڑھی ضلع حصار سے دریافت فرمالیں۔ اگر ان تیار موجود ہوا تو ان سے مل سکیگا یا دار الصحت سلطانیہ للیانی ضلع شاہپور سے دریافت فرمائیں

کشتہ شنگرف نمبر ۸۵

یہ کشتہ بنانے میں پہلے نسخہ کے قریب قریب اور بنانے میں اس سے آسان ہے۔ ترکیب یہ ہے شنگرف رومی کی ۴ تولہ کی ڈلی کو ایک چینی کے پیالے کے عین درمیان میں لٹکا دیں اور پیالہ کو ریت سے بھری ہوئی کڑاہی کے درمیان رکھ کر پیاز سفید کے پانی سے پُر کر دیں۔ اور کڑاہی کے نیچے نرم نرم آگ جلا دیں۔ جب وہ پانی خشک ہو چلے اور ڈال کر پُر کر دیں۔ یہاں تک کہ پورا پچیس سیر پانی جذب ہو جاوے۔ پھر عرق کیوڑہ ۵ تولہ میں خوب باریک پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ وہی ہے جو اوپر مذکور ہو چکی ہے یا ۲ چاول روزانہ مکھن میں کھلا کر سیر دودھ پلائیں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

فوائد - از حد مقوی باہ ہے۔ اگر دو چاول کے حساب سے چالیس روز استعمال کرائیں تو عمر بھر کسی دوا کی ضرورت نہ رہے۔

کشتہ سم الفار

سم الفار ایک تولہ کی ڈلی کو لوہے کی کڑاہی میں رکھے اور اس کو چولہے پر رکھ کر نیچے مدھم مدھم آگ جلا دیں۔ اور اس ڈلی کے اوپر پیاز اور لہسن کے پانی ملے ہوئے کا چوپہ دیں۔ یہاں تک کہ آدھ سیر پانی جذب ہو جاوے۔ ہاں البتہ آنکھوں کو اس دھوئیں سے بچائیں۔ ورنہ سخت نقصان کا خطرہ ہے۔ تمام پانی کے ختم ہو جانے پر کڑاہی کو اتار کر ڈلی کو نکال لیں اور کھرل میں ڈال کر باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال - اس میں بقدر خشخاش حد و خشخاش مکھن ۰ تولہ میں یا ملائی میں کھلایا کریں مفید ہے۔

فوائد - نامردی گٹھیا وغیرہ کو بہت ہی مفید ہے۔

جوہر رسکپور

رسکپور ایک تولہ کو ایک تولہ آب پیاز میں باریک پیسیں اور ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور پھر اس کو مٹی کے ایسے پیالے میں جس کو ابھی پانی نہ لگا ہو رکھ کر اوپر دوسرا پیالہ دے کر بدستور معروف بیری کی لکڑی دو سیر آہستہ آہستہ جلا کر جوہر اڑا لیں۔

ترکیب استعمال - پہلے جلاب دے کر ایک رتی روزانہ حلوہ میں لپیٹ کر کھلایا کریں۔

فوائد - پرانے سے پرانا آتشک چند روز میں بالکل دور ہو جاتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کشتہ ہڑتال گئودنتی ۸۸

ہڑتال گئودنتی ۲ تولہ کی ڈلی کو پیاز کے آدھ پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر اوپر سے خوب اچھی طرح کپڑ مٹی کریں۔ اور خشک ہونے کے بعد دو بڑی تھاپیوں کے درمیان رکھ کر اس کے گرداگرد آٹھ دس سیر اُپلے رکھ کر آگ دیں۔ اور سرد ہونے پر نکالیں۔ ڈلی پھوُلی ہوئی برآمد ہوگی۔ اس کو باریک پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں خوراک ۲ چاول۔

ترکیب استعمال و فوائد تپ گرمی کیلئے شربت بنفشہ کے ہمراہ۔ خونی بخار کیلئے شربت عناب کے ہمراہ اور سوداوی بخار کیلئے گاؤزباں کے شربت کے ساتھ اور پرسوت کے بخار کیلئے (جو عورتوں کو وضع حمل کے بعد ہوا کرتا ہے) خمیرہ گاؤزبان کے ساتھ دیا کریں۔ مذکورہ بالا تمام مرضوں میں مفید ہے۔

کشتہ ہڑتال گئودنتی ۲

ہڑتال گئودنتی کی ایک تولہ ڈلی کو پیاز کے پاؤ بھر نغدہ میں رکھ کر کوزہ میں بند کر کے دس سیر اُپلوں کی آگ میں کشتہ کر لیں۔ اور پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ بوقت صبح رتی ہمراہ مکھن گائے دیا کریں۔

فوائد: سنگرہنی کی لاجواب دوا ہے۔ علاوہ ازیں پیچش اور دستوں کو مفید ہے۔

والسلام

تمت بالخیر

خادم الناس احقر محمد عبداللہ عفی عنہ

طبع اول ۱۹۲۳ء — طبع ثانی ۱۹۳۴ء — طبع ثالث ۱۹۳۹ء — طبع چہارم

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کشتہ ہڑتال گئودنتی ۸۸

ہڑتال گئودنتی ۲ تولہ کی ڈلی کو پیاز کے آدھ پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر اوپر سے خوب اچھی طرح کپڑ مٹی کریں۔ اور خشک ہونے کے بعد دو بڑی تھاپیوں کے درمیان رکھ کر اس کے گرد اگرد آٹھ دس سیر اُپلے رکھ کر آگ دیں۔ اور سرد ہونے پر نکالیں۔ ڈلی پھولی ہوئی برآمد ہوگی۔ اس کو باریک پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں خوراک ۲ چاول۔

ترکیب استعمال و فوائد۔ تپ گرمی کیلئے شربت بنفشہ کے ہمراہ۔ خونی بخار کیلئے شربت عناب کے ہمراہ اور سوداوی بخار کیلئے گاؤزباں کے شربت کے ساتھ اور پرسوت کے بخار کیلئے (جو عورتوں کو وضع حمل کے بعد ہوا کرتا ہے) خمیرہ گاؤزبان کے ساتھ دیا کریں۔ مذکورہ بالا تمام مرضوں میں مفید ہے۔

کشتہ ہڑتال گئودنتی ع۲

ہڑتال گئودنتی کی ایک تولہ ڈلی کو پیاز کے پاؤ بھر نغدہ میں رکھ کر کوزہ میں بند کر کے دس سیر اپلوں کی آگ میں کشتہ کر لیں۔ اور پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ بوقت صبح ۱ رتی ہمراہ مکھن گائے دیا کریں۔

فوائد: سنگرہنی کی لاجواب دوا ہے۔ علاوہ ازیں پیچش اور دستوں کو مفید ہے۔

والسلام

تمت بالخیر

خادم الناس احقر محمد عبداللہ عفی عنہ

طبع اول ۳۴ء ۱۸ — طبع ثانی ۱۱/۳۳ ۱ - طبع ثالث ۱۹ ۱/۳۹ - طبع چہارم

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کشتہ ہڑتال گئودنتی

ہڑتال گئودنتی ۱ تولہ کی ڈلی کو پیاز کے آدھ پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر اوپر سے خوب اچھی طرح کپڑ مٹی کریں۔ اور خشک ہونے کے بعد دو بڑی تھاپیوں کے درمیان رکھ کر اس کے گرداگرد آٹھ دس سیر اُپلے رکھ کر آگ دیں۔ اور سرد ہونے پر نکالیں۔ ڈلی پھولی ہوئی برآمد ہوگی۔ اس کو باریک پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں خوراک دو چاول۔

ترکیب استعمال و فوائد۔ تپ گرمی کیلئے شربت بنفشہ کے ہمراہ۔ خونی بخار کیلئے شربت عناب کے ہمراہ اور سوداوی بخار کیلئے گاؤزباں کے شربت کے ساتھ اور پرسوت کے بخار کیلئے (جو عورتوں کو وضع حمل کے بعد ہوا کرتا ہے) خمیرہ گاؤزبان کے ساتھ دیا کریں۔ مذکورہ بالا تمام مرضوں میں مفید ہے۔

کشتہ ہڑتال گئودنتی ع۲

ہڑتال گئودنتی کی ایک تولہ ڈلی کو پیاز کے پاؤ بھر نغدہ میں رکھ کر کوزہ میں بند کر کے دس سیر اُپلوں کی آگ میں کشتہ کر لیں۔ اور پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ بوقت صبح رتی ہمراہ مکھن گائے دیا کریں۔

فوائد: سنگرہنی کی لاجواب دوا ہے۔ علاوہ ازیں پیچش اور دستوں کو مفید ہے۔

والسلام

تمت بالخیر

خادم الناس احقر محمد عبداللہ عفی عنہ

طبع اول ۱۸ــ — طبع ثانی ۱۹۳۳ - طبع ثالث ۱۹۳۹ - طبع چہا

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE